**پیغام** | بادارات مجلس مدیران ۔ دفتر: بزم پیغام ۱ ۔ اے ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔
قیمت فی شمارہ ۲/- روپے سالانہ ۲۵/- روپے۔

شمارہ مئی جولائی میرے سامنے ہے۔ بچوں کے لیے مسلم زاویۂ نگاہ سے لٹریچر تیار کرنے کا کام بہت قلیل ہو رہا ہے۔ اس سلسلے میں رسالہ پیغام کا اجرا بڑا مبارک ہے جو بچوں کے لیے کہانیوں، نظموں، لطیفوں، دین، صحت، علم، شائستگی کی باتوں، تصویروں، کارٹونوں اور رنگین سرورقوں کے لیے نہایت اچھی پاکیزہ تفریح کا سامان مہیا کرتا ہے۔

---

**ساتھی** | مدیرہ: صادق جمیل ۔ پتہ: ساتھی پبلی کیشنز، سیلرا یونیو، الیف ۱۰۷، گلشن اقبال، بلاک ۱۳۔ کراچی ۴۷۔ قیمت فی شمارہ ۲/- روپے

"پیغام" کا یہ دوسرا ساتھی ہے۔ بچوں کے لیے دل خوش کن مواد پیش کرتا ہے۔ فوقیت یہ کہ پیغام عام سیاہ روشنائی سے چھپا ہے اور ساتھی کا یہ شمارہ (جولائی) سہ رنگ سے چھپا ہے۔ مگر دونوں نیوز پرنٹ کے بال میں پھنسے ہوئے ہیں۔ اس کے باوجود دونوں دلچسپ ہیں۔ پیغام اور ساتھی میں اتنا ہی فرق ہے جتنا لاہور کے ذوق اور کراچی کے ذوق میں۔ یعنی حقیقت کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں۔

---

**اخوت و محبت کا قرآنی پیغام** | از جناب محمد اکرام قریشی ایم اے۔ ناشر: احیائے دین لائبریری سیالکوٹ۔

اس مختصر پمفلٹ میں جھگڑے کرنے، اختلافات اٹھانے اور افتراق پیدا کرنے سے بچنے، قرآن و حدیث پر باندھنے کی تلقین کی گئی ہے۔ قیمت فی درجن ۱۰/- روپے

---